Similar shapes are the figures which have same shape but not the same size. They have equal corresponding angles, but their sides are in proportion to each other.

Congruent triangles

There are four tests to work out the congruency of two triangles.

1. SSS : all side of two triangles are equal
2. SAS : two sides and including angles
3. ASA : two angles and one side in equal
4. RHS : hypotenuse and one side of a right angled triangle are equal.

Explain these conditions with the help of example given on page 90. Further activity can be done by attempting the questions in the exercise 10.3

Similar triangles

There are three conditions for similarity between triangles given on page 89 of textbook.

Circle

Some examples, how circles are used in real life:

Camera lenses, tyres, ferris wheels, steering wheels, elliptical, buttons, cakes, pizzas and pies are examples of circles.

(pages 94-100)

Practical Geometry

Geometric tools:

Geometric tools are used to draw geometric figures. The most important and basic geometric tools are:

1. Straight ruler to draw straight lines
2. Compass to draw arcs and circles.
3. Protractor to construct and measure angles.

Geometry deals with the lines, shape and position of the figures that follow some rules. Practical geometry is about the methods to apply these rules. Unit 11 provides the methods of deciding line segments and construction of triangles and quadric laterals. Students should be given ample practice through examples from the book and daily life evidences.



Ruler



Protractor



Compass

OXFORD UNIVERSITY PRESS

UNIT

12

Circumference, Surface Area, and Volume

(pages 101-105)

Circumference of a circle

In circles having different radii, the ratio between the circumference and diameter is same. This ratio is denoted by $\pi = \frac{22}{7} = 3.1428$ approx.

$\pi = \frac{\text{around}}{\text{across}} = \frac{C}{D}$



$C = \pi D$

$C = \pi \times 2R$ since $D = 2R$

$C = 2\pi R$

Area of a circle:

To derive the formula for Area of a circle, students can be involved in the following activity.

Draw a circle and then draw concentric circles inside the circle.





Perimeter of each circle is the circumference of the circle and can be shown as a straight line Draw the circumference of each circle as a straight line one upon the other. In the end we get a right angle triangle

Area of circle = area of right angled triangle

Area of circle $= \frac{1}{2} \times$ base r height

$= \frac{1}{\cancel{2}} \times \cancel{2}\pi R \times R$

$= \pi R^2$

Surface area and volume of cylinder

Activity:

Divide the class in 4 groups. The rectangular cutout length should be equal to the circumferences of the two circle cutouts. The width of the rectangle can be any measurement as the height of the cylinder.



Ask them to make a cylinder with the help of the cutouts and glue.



Help the students to recall the surface area of circles and curved surface.

Surface area of cylinder = surface area of two circles and curved surface

$$= \pi r^2 + \pi r^2 + 2\pi rh$$

$$= 2\pi r^2 + 2\pi rh$$

$$= 2\pi r\,(r+h)$$

Now ask each group to find surface area according to the measurements given to them.

Volume of a cylinder = $\pi r^2 h$

UNIT
13 Information Handling
(pages 106-109)

Pie chart

Diagrams and graphs help in giving us an overall view of the data under consideration. They present the facts in the form of pictures by which data or information can easily be compared.

One kind of chart called the **pie chart** is constructed by dividing a circle into different sectors. Each sector corresponds to the percentage of a category of data under consideration. The angle of each sector is proportional to the number the sector represents.

To obtain the sectors in a pie chart we need to find the angles at the center of the circle. Since the total area of the circle corresponds to the total number of degrees in the circle, i.e. 360, we can find the angle of the circle by dividing each item by the total number of items and multiplying by 360°.

To draw a pie chart

First find out the angles of each sector. Then draw the radius of the circle and with the help of a protractor, draw the required angle. Using the arm of the angle drawn, draw the next angle corresponding to the next sector and so on. Fill till all the sectors have been represented.

Write the item in the sector it represents. Colour each sector in a different shade.

Example:

Draw a pie chart to represent the monthly expenditure of a family.

House rent	=	30%	=	$\frac{30}{100} \times 360° = 108°$
Food	=	50%	=	$\frac{50}{100} \times 360° = 180°$
Education	=	10%	=	$\frac{10}{100} \times 360° = 36°$
Health	=	2%	=	$\frac{2}{100} \times 360° = 7.2°$
Savings	=	8%	=	$\frac{2}{100} \times 360° = 28.8°$
Adding all the items:			=	100%



draw the first sector



draw the second sector (iv)



draw the third sector (v)



then, draw the last two sectors (vi)

OXFORD UNIVERSITY PRESS

اعداد و شمار کا اندراج (Information Handling)

گولائی کا چارٹ

تصاویر اور گراف زیرِ غور مواد کا جائزہ لینے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔ وہ حقائق کو مخصوص شکل میں پیش کرتے ہیں جس کی مدد سے مواد یا معلومات کا آسانی سے تقابل کیا جا سکتا ہے۔

گراف کی ایک قسم کو 'گولائی کا چارٹ' کہا جاتا ہے جسے ایک دائرے کو مختلف حصوں میں تقسیم کر کے بنایا جا سکتا ہے۔ اس کا ہر حصہ زیرِ غور مواد کی فی صد سے تعلق رکھتا ہے۔ ہر حصے کا زاویہ حصے کی مناسبت سے ہوتا ہے۔

گولائی کے چارٹ میں کسی حصے کو حاصل کرنے کے لیے ہمیں گولائی کے مرکز سے زاویے کی تلاش کرنا ہوگی۔ چونکہ گولائی کا تمام رقبہ اس کے تمام زاویوں سے متعلق ہے یعنی 360^{o} لہٰذا ہم گولائی کا زاویہ جاننے کے لیے ہر شے کو کل تعداد سے تقسیم کر کے 360^{o} سے ضرب دے دیں گے۔

گولائی کا چارٹ بنانا

پہلے ہر حصے کے زاویے تلاش کیجیے۔ پھر دائرے کا قطر بنائیے اور پرکار کی مدد سے مطلوبہ زاویہ بنائیے۔ پھر زاویے کی قائم کی ہوئی لکیر پر دوسرا زاویہ بنائیے جو اگلے حصے سے متعلق ہو اور اسی طرح آگے بڑھتے رہیے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتے رہیں جب تک کہ تمام حصے واضح نہ ہو جائیں۔ پھر ہر حصے میں متعلق چیز درج کیجیے۔ ہر حصے میں مختلف رنگ بھریے۔

مثلاً ایک خاندان کے ماہانہ اخراجات دکھانے کے لیے گولائی کا گراف بنائیے۔

گھر کا کرایہ =	30% =	108^{o} =	$30/100 \times 360^{o}$
خوراک =	50% =	180^{o} =	$50/100 \times 360^{o}$
تعلیم =	10% =	36^{o} =	$10/100 \times 360^{o}$
صحت =	2% =	7.2^{o} =	$2/100 \times 360^{o}$
بچت =	8% =	28.8^{o} =	$8/100 \times 360^{o}$



(iii) پہلا حصہ بنائیے۔



(iv) اب دوسرا حصہ بنائیے۔



(v) اب تیسرا حصہ بنائیے۔



(vi) اب آخری دو حصے بنائیے۔

(Practical Geometry) پریکٹیکل جیومیٹری

درسی کتاب New GetAhead Mathematics-7 میں مختلف قسم کی مثلث اور متساوی الاضلاع بنانے کے لیے دیئے گئے مدارج پر عمل کریں۔ طلبا کو جیومیٹری کے آلاتِ پیمائش کے بارے میں تفصیل بتائیں۔

جیومیٹری کے آلات پیمائش



Ruler



Protractor



Compass

ایک مساوات کو حل کرنے کے لیے کئی تبدیلیوں کا استعمال

ہم جانتے ہیں کہ تفریق جمع کی ضد ہے اور اسی طرح تقسیم ضرب کی ضد ہے۔ مساوات کی تبدیلی میں ہم اکثر ضد کا طریقہ استعمال کرتے ہیں۔

مثلاً حل کیجیے: $4y + 43 = 19$

حل: $4y + 43 = 19$

ہر سمت سے 43 تفریق کرتے ہوئے

$$4y + 43 - 43 = 19 - 43$$

$$4y = -24$$

ہر سمت کی 4 سے تقسیم کرتے ہوئے

$$4y/4 = -24/4$$

$$y = -6$$

جانچ کرنے کے لیے

دی ہوئی مساوات میں $y = -6$ کی قدر لانے سے:

$$4y + 43 = 19$$

$$(4)\ (-6) + 43 = 19$$

$$-24 + 43 = 19$$

$$19 = 19$$

مندرجہ ذیل اقدامات اس صورت میں مددگار ہوتے ہیں جب ہم ایک ایسی مساوات کو حل کر رہے ہوں جس میں تمام متغیرات ایک ہی سمت میں ہوں۔

1- مساوات کی دونوں سمتوں کو سادہ ترین شکل میں لائیے۔

2- اگر کہیں جمع یا تفریق کی نشان دہی ہوتی ہو تو ضد (معکوس) کا استعمال کر کے انھیں غیر موثر کر دیں۔

3- اگر کہیں ضرب یا تقسیم کی نشان دہی ہوتی ہو تو ضد (معکوس) کا استعمال کر کے انھیں غیر موثر کر دیں۔

عبارتی مسائل حل کرنا

خطی مساوات سے متعلق عبارتی مسائل کو حل کرنے کے لیے ذیل میں دیے ہوئے اقدامات کریں:

1- مسئلے کو کئی بار توجہ سے پڑھیں۔ فیصلہ کریں کہ کیا اعداد پوچھے گئے ہیں اور کیا معلومات دی گئی ہیں؟ ایک خاکہ بنا لینا مددگار ہو گا۔

2- ایک متغیر کا انتخاب کیجیے اور اسے دیے ہوئے حقائق کے ساتھ مسئلے میں بیان کیے گئے عدد یا اعداد کی وضاحت کے لیے استعمال کیجیے۔

3- مسائل کو دوبارہ پڑھیں۔ پھر ایک کھلا جملہ لکھیں جو مسئلے میں دیے گئے اعداد کے درمیان تعلق ظاہر کرتا ہو۔

4- کھلے جملے کو حل کیجیے اور مطلوبہ اعداد حاصل کیجیے۔

5- اپنے نتیجے کو مسئلے کی عبارت کے ذریعے چیک کیجیے اور جواب دیجیے۔

چونکہ مساوات کو تبدیل کرتے ہوئے غلطیاں ہوسکتی ہیں اس لیے ہم اپنے کام کو حاصل شدہ متغیر کی قدر کو تبدیل کر کے چیک کر سکتے ہیں تاکہ یہ ظاہر ہو کہ تبدیل شدہ مساوات بنیادی مساوات کے عین مطابق ہے۔

مثلاً : $x + 8 = 3$

$$x + 8 - 8 = 3 - 8$$

$$x = -5$$

دی ہوئی مساوات میں $x = -5$ کی قدر استعمال کرتے ہوئے

$$x + 8 = 3$$

$$-5 + 8 = 3$$

$$3 = 3$$

مساوات کی ضرب اور تقسیم کی خصوصیات

1- اگر مساوی اعداد کو یکساں عدد سے ضرب دیا جائے تو حاصل ضرب برابر ہوں گے۔

2- اگر مساوی اعداد ایک ہی غیر صفری عدد سے تقسیم کیے جائیں تو حاصل قسمت برابر ہوں گے۔

ضرب کے ذریعے تبدیلی

ایک دی ہوئی مساوات کی ہر سمت کو ایک ہی غیر صفری حقیقی عدد سے ضرب دیجیے۔

مثلاً $x/2 = 14$

دونوں سمتیں 2 سے ضرب کرنا

$$(x/2)\ (2) = (14)\ (2)$$

$$x = 28$$

تقسیم کے ذریعے تبدیلی

ایک دی ہوئی مساوات کی ہر سمت کو ایک ہی غیر صفری حقیقی عدد سے تقسیم کیجیے۔

مثلاً $2x = 10$

دونوں سمتیں 2 سے تقسیم کرنا

$$2x/2 = 10/2$$

$$x = 5$$

مساوات (Equations)

ایک کثیر رقمی مساوات وہ ہوتی ہے جس کی دونوں سمتوں میں کثیر رقمی اظہاریے ہوں اور جہاں دونوں سمتوں کے درمیان ایک مساواتی نشان ہو۔

سادہ خطی مساوات

مساوات بنانے کے لیے اس کے دونوں عددی متغیر اظہاریوں کے درمیان (جو کہ اس کی دو اطراف کہلاتی ہیں) 'برابر ہے' کا نشان لگایا جاتا ہے۔کسی مساوات کے دونوں اطراف کے درمیان برابر ہے کا یہ نشان ظاہر کرتا ہے کہ دونوں سمتیں برابر ہیں۔

مثلاً: $x - 5 = 7$

ایک ایسی مساوات جس میں متغیر کا قوت نما 1 ہو خطی مساوات کہلاتی ہے۔

مساویانہ مساوات

ایسی مساوات جن کے یکساں حل ہوں 'مساویانہ مساوات' کہلاتی ہیں۔

مساوات کو تبدیل کرنا

کسی مساوات کو حل کرنے کے لیے ہم عام طور پر اسے تبدیل کر دیتے ہیں یا مساویانہ مساوات کی کسی شکل میں سادہ بنا دیتے ہیں، جس کے نتائج پہلی نظر میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ سادہ مساویانہ مساوات میں تبدیلی کسی بھی مبادل، جمع یا تفریق کے ذریعے کی جا سکتی ہے۔

مساوات کی جمع اور تفریق کی خصوصیات

1- اگر ایک ہی عدد مساوی اعداد میں جمع کیا گیا ہو تو ان کے حاصل مساوی ہوں گے۔

2- اگر ایک ہی عدد مساوی اعداد میں سے گھٹا دیا جائے تو فرق مساوی ہوگا۔

مساوات کو حل کرنے کے لیے ہم ان خصوصیات کو استعمال کر سکتے ہیں۔

مثلاً $x - 5 = 7$ کو حل کریں۔

$x - 5 + 5 = 7 + 5$ (5 دونوں طرف جمع کیا گیا ہے)

$x = 12$

مثلاً $x + 10 = 20$ کو حل کریں۔

$x + 10 - 10 = 20 - 10$ (10 کو دونوں طرف تفریق کیا گیا ہے)

$x = 10$

کثیر رقمی اظہاریے کو یک رقمی اظہاریے سے ضرب دینا

ہم ضرب دینے کے لیے خاصیتِ تقسیمی اور قوت نما کا اصول استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً :

$3a^2 - 4a + 3$ کو $4a$ سے ضرب دیجیے۔ ہم یہ ضرب افقی یا عمودی طور پر کر سکتے ہیں۔

(i) $4a\,(3a^2 - 4a + 3)$

$= 12a^3 - 16a^2 + 12a$ (اُفقی طور پر ضرب دینا)

(ii)

$$\begin{array}{rr} & 3a^2 - 4a + 3 \\ \times & 4a \\ \hline & 12a^3 - 16a^2 + 12a \\ \hline \end{array}$$

(عمودی طور پر ضرب دینا)

دو کثیر رقمی اظہاریوں کو ضرب دینا

ہم دو کثیر رقمی اظہاریوں کو ضرب دینے کے لیے ضرب کی خاصیتِ تقسیمی استعمال کر سکتے ہیں۔

مثلاً ضرب کیجیے : $4x + 3$ کو $3x + 4$ سے

(i) اُفقی طور پر ضرب دینا :

$$\begin{aligned} & (4x + 3)(3x + 4) \\ &= 4x(3x + 4) + 3(3x + 4) \\ &= 12x^2 + 16x + 9x + 12 \\ &= 12x^2 + 25x + 12 \end{aligned}$$

(ii) عمودی طور پر ضرب دینا:

$$\begin{array}{rr} & 4x + 3 \\ \times & 3x + 4 \\ \hline & 12x^2 + 9x \\ + & 16x + 12 \\ \hline & 12x^2 + 25x + 12 \\ \hline \end{array}$$

مثلاً $7a^2 + 6ab - b^2 - 9$ میں سے $5a^2 + 2ab + 3b^2 - 4$ کو تفریق کیجیے۔
حل
(i) رقوم کو افقی طور پر تفریق کرنا:

$$(7a^2 + 6ab - b^2 - 9) - (-5a^2 + 2ab + 3b^2 - 4)$$
$$5a^2 - 2ab - 3b^2 + 4 + 7a^2 + 6ab - b^2 - 9$$
$$= (7 + 5)\ a^2 + (6 - 2)\ ab + (-1\ -3)\ b^2 + (-9 + 4)$$
$$= 12a^2 + 4ab - 4b^2 - 5$$

(ii) رقوم کو عمودی طور پر تفریق کرنا:

$$7a^2 + 6ab - b^2 - 9$$
$$-5a^2 + 2ab + 3b^2 - 4$$
$$+ \quad - \quad\quad - \quad\quad + \qquad \text{(مجموعہ اضداد کو تبدیل کرتے ہوئے)}$$
$$12a^2 + 4ab - 4b^2 - 5 \qquad \text{(جمع کرنا)}$$

کثیر رقمی اظہاریوں کی ضرب

جب ہم دو یک رقمی اظہاریوں کو ضرب دیتے ہیں تو ہم قوت نما کا اصول اور اس کے ساتھ ہی ضرب کی تلازمی اور استبدالی خصوصیات کو استعمال کرتے ہیں۔

مثلاً (i) $2x^2$ کو 3 ضرب دیجیے۔
حل: $2x^2 \times 3 = 6x^2$

(ii) $-5x^2$ کو 3 سے ضرب دیجیے۔
حل: $-5x^2 \times -3 = +15x^2$

کثیر رقمی اظہاریوں کو ضرب کرنا

جب ہم دو قوتوں کو جن کی بنیاد ایک ہو ضرب کرتے ہیں تو ہم ان کے قوت نما جمع کر دیتے ہیں۔

مثلاً (i) $x^2 \times x^5 = x^{2+5} = x^7$

مثلاً (ii) $3x^3y^4x - 7xy^5$

$$= (-21)\ (x^{3+1})\ (y^{4+5})$$
$$= -21\ x^4\ y^9$$

نوٹ: صرف یکساں رقوم ہی جمع اور تفریق کی جا سکتی ہیں۔

دو کثیر رقمی اظہاریوں کو جمع کرنے کے لیے ہم سوال لکھتے ہیں اور یکساں رقوم کو جمع کر کے انھیں آسان بناتے ہیں۔

مثلاً $2x + 5x = 7x$

مثلاً $2a + 3b$ اور $2b + a$

عمودی شکل میں لکھیے:

$$\begin{array}{r} 2a + 3b \\ \underline{a + 2b} \\ \underline{3a + 5b} \end{array}$$

مثبت اور منفی رقوم کی جمع

مثلاً $3a - 6a + 9a - 4a$

پہلے یکساں علامات والی رقوم کو اکٹھا کیجیے۔

$3a + 9a - 6a - 4a$

اب ایک جیسی رقوم کو جمع کیجیے:

$12a - 10a = 2a$

ملے جلے اظہاریوں کی جمع

ملے جلے اظہاریوں میں یکساں رقوم کو افقی یا عمودی انداز میں لکھ کر جمع کیا جا سکتا ہے۔

مثلاً جمع کیجیے۔ $5x^2y + 3x^2 - 8 + 4x^2y + 2x^2 + 9$

حل (i) رقوم کو افقی طور پر جمع کرنا۔

$5x^2y + 4x^2y + 3x^2 + 2x^2 - 8 + 9$

$9x^2y + 5x^2 + 1$

(ii) رقوم کو عمودی طور پر جمع کرنا۔

$$\begin{array}{r} 5x^2y + 3x^2 - 8 \\ \underline{4x^2y + 2x^2 + 9} \\ \underline{9x^2y + 5x^2 + 1} \end{array}$$

الجبری اظہاریوں کی تفریق

کثیر رقمی اظہاریوں کی تفریق حقیقی اعداد کی تفریق سے ملتی جلتی ہے۔

کسی عدد کو تفریق کرنے کے لیے آپ اس عدد کی ضد جمع کرتے ہیں اور بعد میں اسے حل کرتے ہیں۔

غیر صفری مستقل یک رقمی اظہاریے کا درجہ 0 ہے (اس کا کوئی درجہ نہیں)۔
کثیر رقمی اظہاریے کا درجہ اپنی رقموں کے لحاظ سے درجات میں سب سے بلند ہے۔
مثلاً: $4x^3 + 5x^2 + 7$
متغیر x کا سب سے بڑا درجہ 3 ہے۔ لہٰذا کثیر رقمی اظہاریے کا درجہ 3 ہے۔

صعودی اور نزولی ترتیب

اکثر کثیر رقمی اظہاریوں کی رقموں کی ترتیب بدلنا مددگار ثابت ہوتا ہے تاکہ کسی مخصوص متغیر میں ان کے درجات یا تو نزولی ترتیب میں ہوں یا صعودی ترتیب میں۔
مثلاً ایک اظہاریہ فرض کیجیے۔
$- 4x^3 + 3x^2 + 3x^5$
x کی سب سے کم قوت 2 ہے اور سب سے بڑی قوت 5 ہے۔
ان قوتوں کو اگر ترتیبِ صعودی میں لائیں تو ہمیں کم قوت سے شروع کرنا ہوگا جو یہ ہے۔
$3x^2 - 4x^3 + 3x^5$
ترتیبِ نزولی میں لانے کے لیے ہمیں بڑی قوت سے شروع کرنا ہوگا، جو یہ ہے۔
$3x^5 - 4x^3 + 3x^2$

قوت نما اظہاریے

عدد 9 اس طرح بھی لکھا جا سکتا ہے:
3×3 یا 3^2 اسے 3 کی قوت کہا جاتا ہے۔ (اسے اس طرح پڑھا جاتا ہے 3 کی قوت 2 یا تین مربع) اعداد 27 اور 81 بھی 3 کی قوت ہیں۔
27 کو اس طرح لکھا جا سکتا ہے $3 \times 3 \times 3$ یا 3^3۔ (اسے اس طرح پڑھیں گے تین کی قوت تین یا تین مکعب)۔
اظہاریہ a^3 میں a کو 'بنیاد' کہا جاتا ہے اور اوپر دی ہوئی چھوٹی علامت 3 'قوت نما' کہلاتی ہے۔
قوت نما، بنیاد کے عددِ ضربی ظاہر ہونے کی صورت میں شمار اعداد کی نشان دہی کرتا ہے۔

الجبری اظہاریوں کی جمع

وہ رقوم جن کے متغیرات اور قوت نما ایک جیسے ہوتے ہیں 'یکساں رقوم' کہلاتی ہیں۔ ان کے عددِ سر مختلف ہو سکتے ہیں۔
مثلاً a, 2a, 3a
وہ رقوم جن کے متغیرات اور قوت نما مختلف ہوتے ہیں وہ 'غیر یکساں رقوم' کہلاتی ہیں۔ خواہ ان کے عددی سر ایک جیسے ہی ہوں۔
مثلاً $2a, 2a^2, 2a^3$

الجبرا (Algebra)

الجبری اظہاریے

ایک متغیر وہ علامت ہے جو ایک یا زائد اعداد کے اظہار کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

مثلاً .... a, b, c متغیرات ہیں۔

الجبرا کے سوال حل کرتے ہوئے ہمیں اکثر اعداد سے متعلق فقروں کو عددی یا متغیر اظہاریوں میں تبدیل کر لینا چاہیے۔

ایک الجبری اظہاریہ، اعداد اور متغیرات کا وہ مجموعہ ہے جو ایک یا زیادہ علامتوں مثلاً '+' یا '-' کے ذریعے ایک دوسرے سے منسلک ہوتا ہے۔

عددی سر، بنیاد اور قوت نما

اظہاریہ : $2a^3$ میں 2 کو عددی سر کہا جاتا ہے۔ a بنیاد ہے اور 3 قوت نما ہے۔

کثیر رقمی اظہاریے

ایک الجبری اظہاریہ جس میں ایک یا زیادہ متغیرات ہوں اور اس کے قوت نما، مثبت صحیح اعداد ہوں کثیر رقمی اظہاریہ کہلاتا ہے۔

مثلاً $8x, 8x + 9, 8x^2 + 2x + 1$

ایک یک رقمی اظہاریہ ایک رقم کا کثیر رقمی مرکب سمجھا جاتا ہے جو ایک اظہار ہے جو یا تو عددی ہے، متغیر ہے یا عددی اور ایک یا ایک سے زیادہ متغیرات کا حاصل ہے۔ ایک عدد مثلاً 7 **مستقل یک رقمی یا مستقل** کہا جائے گا۔

مثلاً $7, a, 3c, 8x^2y$

دو رقمی اظہاریوں میں 2 رقمیں ہوتی ہیں۔

مثلاً $4x + 9, 6b^2 - 7a$

سہ رقمی اظہاریوں میں تین رقمیں ہوتی ہیں۔

مثلاً $x^2 - 3x - 2, 5b^2 + 3ab - a^2$

کثیر رقمی اظہاریوں کے درجات

ایک متغیر میں یک رقمی اظہاریے کا درجہ وہ شماری عدد ہے جتنی بار وہ متغیر اس یک رقمی اظہاریے میں بطور جزو آیا ہے۔

مثلاً $3x\,y^2z^3$ کا درجہ ہے، x میں 1، y میں 2 اور z میں 3

زکوٰۃ

وضاحت کریں کہ ایک شخص کی سالانہ آمدنی کی بچت کے % 1/2 2 حصے کو 'زکوٰۃ' کہتے ہیں۔

% 1/2 2 = ہر بچائے گئے 100 روپے پر 2.50 روپے

یہ تمام بچت کا 1/40 حصہ ہے یعنی 1/40 = 2.50/100

کسی جمع شدہ پونجی پر دی جانے والی زکوٰۃ کی رقم معلوم کرنا۔

مثال: 10,000 روپے پر دی جانے والی زکوٰۃ کی رقم معلوم کیجیے۔

زکوٰۃ = 10,000 کا % 1/2 2

$= 5/2 \times 1/100 \times 10{,}000$

= 250 روپے

سالانہ بچت کو 1/40 سے ضرب دینے یا 40 سے تقسیم کرنے پر بھی زکوٰۃ معلوم کی جا سکتی ہے۔

مثال کے طور پر 10,000 روپے پر زکوٰۃ ہوگی۔

$1/40 \times 10{,}000 = 250$ روپے

سالانہ بچت کی رقم معلوم کرنا۔ اگر دی جانے والی زکوٰۃ کی رقم معلوم ہو۔

مثال: وہ رقم معلوم کیجیے جس پر 550 روپے بطور زکوٰۃ دیے گئے ہوں۔

جب زکوٰۃ 2.50 روپے ہو تو اصل رقم 100 روپے ہوگی۔

جب زکوٰۃ 1 روپے ہو تو اصل رقم 100/2.50 روپے ہوگی۔

اور اگر زکوٰۃ کی رقم 550 روپے ہے تو اصل رقم $100/2.50 \times 550 = 22{,}000$ روپے ہے۔

یا ہم زکوٰۃ کی رقم کو 40 سے ضرب دے کر بھی بچت معلوم کر سکتے ہیں۔

بچت $= (100/2.50) \times 550$

$100/2.50 = 40/1$

بچت $= 40/1 \times 550$

= 22,000 روپے

محصولات (Taxes)

جائیداد ٹیکس

وہ ٹیکس ہے جو کوئی شخص اس مخصوص شرح پر ادا کرتا ہے جو حکومت نے کسی جائیداد کی سالانہ آمدنی پر مقرر کی ہو۔

کسٹم ڈیوٹی

یہ ٹیکس کی ایک قسم ہے جو اس سامان پر لگائی جاتی ہے جو دوسرے ملکوں سے درآمد کیا جاتا ہو۔مختلف اشیا پر اس کی شرح مختلف ہے۔

سیلز ٹیکس

یہ ایک ٹیکس ہے جو دکانداروں کو مختلف چیزوں کی فروخت پر سالانہ ادا کرنا ہوتا ہے۔

تمام حساب کتاب جو مختلف محصولات سے متعلق ہیں فی صد کے طریقہ سے حل کیے جاتے ہیں۔

مثال : 96,000 روپے مالیت کے ایک مکان پر 15% کے حساب سے جائیداد ٹیکس ہوگا۔

جائیداد ٹیکس= 15/100 × 96,000

= 14,400 روپے

مثال : 4500 روپے مالیت کے VCR پر کسٹم ڈیوٹی کی شرح ہے 80%

کسٹم ڈیوٹی = 80/100 × 4,500

= 3,600 روپے

ملک میں اس کی قیمت= لاگت + کسٹم ڈیوٹی

= 3,600 + 4,500

= 8,100 روپے

مثال : ایک دکاندار اپنا سامان 85,500 روپے میں فروخت کرتا ہے۔ 5 فی صد کی شرح سے اس پر واجب الادا سیلز ٹیکس معلوم کیجیے۔

فروخت کی رقم = 85,000

5% فی صد سیلز ٹیکس کی شرح ہے = 5/100 × 85,500

= 4,275 روپے

نسبت کو مسلسل نسبتوں میں تبدیل کرنا

تناسب 7 : 5 = 3 : 2 کا جائزہ لیجیے:

اسے اس طرح بھی لکھا جا سکتا ہے۔

A : B = 2 : 3

B : C = 5 : 7

نسبتوں کو مسلسل نسبتوں میں تبدیل کرنے کے لیے ہم پہلی نسبت کو 5 سے ضرب دیتے ہیں۔ جبکہ دوسری کو 3 سے تاکہ دوسرے تناسب B کو ایک جیسا بنایا جائے۔

2 : 3 = 10 : 15 (ضرب 5)

5 : 7 = 15 : 21 (ضرب 3)

اب دونوں نسبتوں میں B ایک ہی ہے۔

لہٰذا مسلسل تناسب A : B : C ہوگا۔

10 : 15 : 21

اگر نسبتوں کو مسلسل نسبتوں سے تبدیل کر دیں اور پھر تقسیم کریں تو ہم ایک مقررہ مقدار کو ایک مقررہ نسبت میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

مثلاً 7,000 روپے کو A, B, C میں درج ذیل نسبتوں سے تقسیم کریں۔

A : B = 2 : 3

B : C = 4 : 5

حل: نسبتوں کو مسلسل نسبتوں میں تبدیل کرنے کے لیے پہلی نسبت کو 4 سے اور دوسری نسبت کو 3 سے ضرب کیجیے۔

اب ہم حاصل کرتے ہیں 12 : 8 اور 15 : 12

لہٰذا مسلسل نسبت ہے:

A : B : C

8 : 12 : 15

نسبتوں کی جمع ہے 35 = 15 + 12 + 8

اس طرح نسبت کے حصے ہیں:

A کا حصہ ہے 8 / 35 × 7,000 = 1,600 روپے

B کا حصہ ہے 12 / 35 × 7,000 = 2,400 روپے

C کا حصہ ہے 15 / 35 × 7,000 = 3,000 روپے

تناسبی تقسیم (Proportional Division)

تناسبی تقسیم کا مطلب ہے دی ہوئی مقدار کو ایک خصوصی نسبت میں تقسیم کرنا

نسبت میں دیے گئے عدد کو اکائیوں کے ان تمام اعداد کی طرح سمجھا جاتا ہے جس میں دی ہوئی مقدار کو تقسیم کیا جا سکے۔ اس سے ہم فی اکائی مقدار معلوم کر سکتے ہیں۔

مثلاً 5,000 روپے کو 5 : 3 : 2 کی نسبت میں تقسیم کیجیے۔

حل: نسبتوں کی جمع ہے 10 = 5 + 3 + 2

فی اکائی کی مقدار ہے 5,000 روپے تقسیم از 10۔

ایک اکائی 500 روپے کے برابر ہے۔

دی ہوئی نسبت کے مطابق:

2 اکائیاں برابر ہوں گی روپے $500 \times 2 = 1,000$

3 اکائیاں برابر ہوں گی روپے $500 \times 3 = 1,500$

5 اکائیاں برابر ہوں گی روپے $500 \times 5 = 2,500$

یہ مطلوبہ تناسبی تقسیم ہے۔

فوری حساب کرنا

یہ تناسب کا حساب کتاب کرنے کا آسان طریقہ ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ یہ کُلّیہ طلبا کو اچھی طرح سمجھا دیں تاکہ وہ اسے ذہن نشین کر لیں۔

مثلاً A کا حصہ = $\dfrac{\text{A کی نسبت}}{\text{کل نسبت}}$ × کل مقدار

مسلسل نسبت

ایک ہی قسم کی تین مقداروں کو ایک مسلسل تناسب میں سمجھا جاتا ہے جبکہ پہلے سے دوسرے کی نسبت دوسرے سے تیسرے کی نسبت کے برابر ہو۔

مثلاً 3:9 = 1:3 کے تناسب میں

3 اس تناسب کا دوسرا اور تیسرا جز و بھی ہے۔ یعنی اوسط ایک ہے۔ 3 کو 1 اور 9 کے درمیان اوسط تناسب کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ تینوں اعداد 1,3,9 کو کہا جاتا ہے کہ یہ مسلسل تناسب میں ہیں۔ تیسری مقدار کو تیسرا تناسب کہا جاتا ہے۔

کسر کا جذر معلوم کرنے کا طریقہ

ہم شمار کنندہ اور نسب نما کے جذر علیحدہ معلوم کرتے ہیں اور پھر انھیں ایک کسر کی شکل میں لکھتے ہیں۔

مثلاً 25/36 کا جذر معلوم کیجیے۔

حل: $\sqrt{25/36}$

25 کا جذر 5 ہے اور 36 کا 6۔ جذر کو کسر کی صورت میں اس طرح لکھا جائے گا 5/6۔

100 کا جذر اور اس کی قوتیں

طلبا کو 100 کا جذر اور اس کی قوت جاننے کے لیے مندرجہ ذیل مثال دیں۔

مثلاً $10{,}000^2 = 100{,}000{,}000$

پھر انھیں بتائیں کہ دو صفروں کو ایک صفر میں ضم کر دیں۔

$1\ \underline{00}\ \underline{00}\ \underline{00}\ \underline{00}$

اب ہر جوڑے سے ایک صفر گھٹا دیں تا کہ اس کا جذر معلوم کیا جائے۔

اس لیے 100,000,000 کا جذر 10,000 ہے۔

اعشاری اعداد کا جذر

100 کا جذر اور اس کی قوت اس کے مفرد اجزائے ضربی سے ظاہر کی جا سکتی ہے۔

مثلاً 100 کا جذر معلوم کیجیے۔

حل: 100 کے مفرد اجزائے ضربی ہیں 10×10

اس لیے 100 کا جذر 10 ہے۔

ہم ایک اعشاری عدد کا جذر معلوم کرنے کے لیے دو طریقے استعمال کر سکتے ہیں۔

پہلے ہم اعشاریہ کو ایک کسر میں تبدیل کریں گے اور پھر اس کا جذر معلوم کریں گے۔

مثلاً 0.16 کا جذر معلوم کیجیے۔

اسے ایک اعشاری کسر میں تبدیل کرنے کے بعد ہمیں ملتا ہے 16/100

شمار کنندہ اور نسب نما کا جذر معلوم کرنے سے ہمیں ملتا ہے 4/10

اس کو دوبارہ اعشاری عدد میں تبدیل کرنے سے ملتا ہے $4/10 = 0.4$

ایک اعشاری کسر مکمل مربع ہے اگر وہ مکمل کسری مربع میں تبدیل ہو سکتی ہو

عبارتی مسائل

عبارتی مسائل کو غور سے پڑھیے اور انھیں حل کرنے سے پہلے ان پر بحث کیجیے۔

جذر (Square Root)

ہم جانتے ہیں کہ کسی عدد کو گھٹانا ، کسی عدد کو جمع کرنے کی ضد ہے اور کسی غیر صفری عدد کو تقسیم کرنا اس عدد کو ضرب دینے کی ضد ہے۔ کسی عدد کے مربع کی ضد اس عدد کا 'جذر المربع ' ہے۔

واضح کریں کہ کسی مثبت عدد کے جذر المربع کو ظاہر کرنے کی علامت کو 'علامتِ جذر' کہا جاتا ہے۔ اکثر علامتِ جذر کے ساتھ + یا - کا استعمال کیا جاتا ہے۔ علامتِ جذر کے نیچے لکھی ہوئی رقم 'زیرِ جذر رقم' کہلاتی ہے۔ یہ ایک دلچسپ بات ہے کہ صفر کا جذر صرف ایک ہی ہوتا ہے اور وہ خود صفر ہوتا ہے۔ کچھ جذروں کی قدروں پر نظر ڈالیں جیسے 49 کا جذر 7 ہے۔ ایسے جذر جو ہمیں پہلے سے معلوم ہوں ان کی مدد سے ہم دوسرے جذر بھی جان سکتے ہیں۔ مثلاً 144 کا جذر کیا ہے۔

حل: 144 کے اجزائے ضربی معلوم کرتے ہوئے

$= 9 \times 16$

9 کا جذر 3 ہے اور 16 کا 4 ہے۔

اس لیے 144 کا جذر ہے $12 = 4 \times 3$

سادہ اجزائے ضربی سے جذر معلوم کرنے کا طریقہ

ہم اعداد کو مفرد اعداد سے تقسیم کرتے رہیں گے تاوقتیکہ صفر باقی رہ جائے۔

پھر اجزائے ضربی کو جوڑوں میں تقسیم کر کے ہر گروہ سے ایک جزوِ ضربی لے کر ہم اجزائے ضربی کا ایک سیٹ حاصل کرتے ہیں۔ جب اس سیٹ کو آپس میں ضرب دیں تو اس سے ہمیں مطلوبہ جذر ملے گا۔ مثلاً 324 کا جذر معلوم کیجیے ۔

حل:

2	324
2	162
3	81
3	27
3	9
3	3
	1

دو مساوی اجزائے ضربی کی گروہ بندی

$324 = (\underline{2} \times 2) \times (\underline{3} \times 3) \times (\underline{3} \times 3)$

ہر جوڑے سے ایک جزو ضربی چننے کے بعد ہمیں ملتا ہے۔

$18 = 2 \times 3 \times 3$

324 کا جذر 18 ہے۔

OXFORD UNIVERSITY PRESS

۴۔ کسر کی قوت کا قانون

کسی کسر کی قوت جاننے کے لیے

مثال کے طور پر

$(2/3)^4 = (2)(2)(2)(2)/(3)(3)(3)(3)$

ہم قوت کی تعریف کا اطلاق کر سکتے ہیں

ہر مثبت صحیح عدد r کے لیے

$(a/b)^r = a^r/b^r$

تقسیم کے نشانات کے لیے اصول

دو مثبت یا دو منفی اعداد کا حاصل قسمت ہمیشہ ایک مثبت عدد ہو گا۔

ایک مثبت اور ایک منفی عدد کا حاصل قسمت ہمیشہ ایک منفی عدد ہو گا۔

۵۔ یکساں اساس والی قوتوں کی تقسیم کا قانون

جب ہم قوتوں کو تقسیم کرتے ہیں تو چھوٹے قوت نما کو بڑے قوت نما سے گھٹا دیتے ہیں، اگر قوت نما مختلف ہوں۔

ہم جانتے ہیں کہ جب ہم قوتوں کو ضرب دیتے ہیں تو ہم قوت نماؤں کو جمع کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر

$$\frac{5^5}{5^3} = \frac{(5)\ (5)\ (5)\ (5)\ (5)}{(5)\ (5)\ (5)}$$

قوت نماؤں کا تقسیم کے لیے عام اصول یہ ہے۔

جب r اور s مثبت صحیح اعداد اور 'a' ایک حقیقی عدد ہو جو صفر کے مساوی نہ ہو تو:

اگر $r > s$	اگر $r < s$	اگر $r = s$
$a^r/a^s = a^{r-s}$	$a^r/a^s = 1/a^{s-r}$	$a^r/a^s = a^{r-s} = a^0 = 1$

ایک وقت میں ایک ہی اصول کی وضاحت کیجیے اور طلبا کی ہر قسم کے اظہاریوں کو علیحدہ علیحدہ سادہ بنانے کے سلسلے میں مدد کیجیے۔

ہم یہ بات سمجھ سکتے ہیں کہ قوت نماؤں کو کیوں جمع کیا جاتا ہے اگر ہمیں یہ بات یاد ہو کہ قوت نما دراصل اس بات کی نشان دہی کرتا ہے کہ اساس کتنی بار بحیثیت جزوضربی کے استعمال ہوئی ہے۔

تمام مثبت صحیح اعداد r اور s کے لیے۔

$$\left(\frac{a}{b}\right)^r \left(\frac{a}{b}\right)^n = \left(\frac{a}{b}\right)^{r+n}$$

۲۔ قوتوں کی طاقت کا قانون

قوتوں کی طاقت معلوم کرنے کے لیے ہمیں طاقت کی تعریف اور ضرب کے لیے قوت نما کے اصول سے کام لینا ہوگا۔

مثال کے طور پر

$$\left\{\left(\frac{4}{5}\right)^2\right\}^3$$
$$= \left(\frac{4}{5}\right)^2 \times \left(\frac{4}{5}\right)^2 \times \left(\frac{4}{5}\right)^2$$
$$= \left(\frac{4}{5}\right)^{2x3} = \left(\frac{4}{5}\right)^6$$

اس طرح قوتوں کی طاقت جاننے کے لیے ہم قوت نماؤں کو ضرب دیتے ہیں۔

درج ذیل عام اصول قوتوں کی طاقت جاننے کے لیے عمل میں لایا جاتا ہے۔

تمام مثبت صحیح اعداد r اور s کے لیے

$$(a^r)^s = a^{rs}$$

۳۔ حاصل ضرب کی قوت کا قانون

کسی حاصل ضرب کی قوت معلوم کرنے کے لیے ہم قوت کی تعریف اور ضرب کے استبدالی اور تلازمی مفروضوں کا استعمال کر سکتے ہیں۔

$$\left\{\left(\frac{2}{5}\right)\left(\frac{1}{2}\right)\right\}^2$$
$$= \left(\frac{2}{5}\right) \times \left(\frac{1}{2}\right) \times \left(\frac{2}{5}\right)\left(\frac{1}{2}\right)$$
$$= \left(\frac{2}{5}\right)^2 \times \left(\frac{1}{2}\right)^2$$

ذہن میں رکھیں کہ 2 اور 5 دونوں اس وقت مربع ہوں گے جب حاصل ضرب 5×2 مربع ہو۔ پس کسی حاصل ضرب کی طاقت معلوم کرنے کے لیے ہم ہر جزوضربی کی قوت معلوم کریں گے اور پھر انھیں ضرب دیں گے۔

کسی حاصل ضرب کی قوت کے لیے قوت نماؤں کا عام اصول یہ ہے:

ہر مثبت صحیح عدد r کے لیے

$$(a\,b)^r = a^r\,b^r$$

قُوت نما (Exponents)

عددی سر، اساس اور قوت نما

عدد 9 اس طرح بھی لکھا جا سکتا ہے۔ 3^2 یا 3×3

اسے اس طرح پڑھا جاتا ہے ''تین مربعے'' اور اسے '3' کی قوت کہا جاتا ہے۔

اعداد 27 اور 81 بھی 3 کی قوت ہیں۔

(تین مکعب) $27 = 3 \times 3 \times 3 = 3^3$

(تین کی قوت چار) $81 = 3 \times 3 \times 3 \times 3 = 3^4$

عام طور پر اگر a کوئی حقیقی عدد ہے اور n کوئی مثبت صحیح عدد، n کی طاقت a کے ساتھ 'a^n' لکھی جائے گی اور اس کی تشریح اس طرح کی جائے گی۔

$a^n = a \,.\, a \,.\, a$ ------ n **factors**

a میں a کو اساس کہا جاتا ہے اور اوپر دی ہوئی چھوٹی علامت n کو قوت نما۔

(قوت نما) n

(اساس) a

قوت نما، ظاہر کرتا ہے کہ اساس بطور جزو ضربی کتنی بار واقع ہوئی ہے۔

مثال: قوت نما کو استعمال کرتے ہوئے درج ذیل کو بیان کیجیے۔

$5 \times 5 \times 5 \times 5$

اساس 5 ہے۔

اساس بطور کسر 4 بار واقع ہوئی ہے اس لیے

قوت نما 4 ہے۔

لٰہذا (اساس) 5 (قوت نما) $5^4 = 5 \times 5 \times 5 \times 5$

قوت نما کے قوانین

ا۔ قوتوں کے حاصل ضرب کا قانون

جب ہم ایسی دو قوتوں کو ضرب دیتے ہیں جن کی اساس ایک جیسی ہو تو ہم ان کے قوت نماؤں کو جمع کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر $\left(\frac{2}{5}\right)^3 \times \left(\frac{2}{5}\right)^2$

$= \left(\frac{2}{5}\right)^{3+2}$

$= \left(\frac{2}{5}\right)^5$ (قوت نماؤں کو جمع کرنا)

جمع اورتفریق پر ضرب کی تقسیمی خاصیت کی تصدیق

ضرب کی تقسیمی خاصیت جمع کی صورت میں

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ کسی بھی تین ناطق اعداد کے لیے ضرب، جمع پر قابلِ تقسیم ہے۔ مثلاً اس صورت کو آسان بنانے کے لیے:

$\frac{1}{2} \times (2/3 + 2/5)$

حل: $(1/2 \times 2/3) + (1/2 \times 2/5)$

$= 1/3 + 1/5$

$= 8/15$

تفریق پر ضرب کی تقسیمی خاصیت

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ کسی بھی تین ناطق اعداد کے لیے ضرب، تفریق پر قابلِ تقسیم ہے۔

مثلاً $1/2 \times (1/4 - 1/3)$ آسان بنانے کے لیے

حل $(1/2 \times 1/4) - (1/2 \times 1/3)$

$= (1/8 - 1/6)$

$= -1/24$

ناطق اعداد کی خصوصیات

ناطق اعداد کی وضاحتوں اور مثالوں کو ان کی خصوصیات کے طور پر مختصراً بیان کیا جا سکتا ہے:

-1 ناطق اعداد کو جمع کرنے کی استبدالی خاصیت

ناطق اعداد کو جمع کرنے کی ترتیب نتیجے پر اثر انداز نہیں ہوتی۔

-2 ناطق اعداد کو جمع کرنے کی تلازمی خاصیت

ناطق اعداد کے گروہوں کی ترتیب نتیجے کو متاثر نہیں کرتی۔

-3 ناطق اعداد کو ضرب دینے کی استبدالی خاصیت

ضرب دینے میں ناطق اعداد کی ترتیب نتیجے کو متاثر نہیں کرتی۔

-4 ناطق اعداد کو ضرب دینے کی تلازمی خاصیت

ناطق اعداد کے گروہوں کی ترتیب حاصل ضرب کو متاثر نہیں کرتی۔

-5 جمع اور تفریق پر ضرب کی تقسیمی خاصیت

جمع اور تفریق پر ضرب قابلِ تقسیم ہے۔

ناطق اعداد کی جمع کی استبدالی اور تلازمی خصوصیات کی تصدیق

استبدالی خاصیت کے مطابق ناطق اعداد کی ترتیب حاصل جمع کو تبدیل نہیں کرتی۔

مثلاً

$$\frac{2}{3} + \frac{1}{4} = \frac{1}{4} + \frac{2}{3}$$

$$\frac{8 + 3}{12} = \frac{3 + 8}{12}$$

$$\frac{11}{12} = \frac{11}{12}$$

جبکہ تلازمی خاصیت کے مطابق ناطق اعداد کی گروہ بندی کی ترتیب نتیجے کو تبدیل نہیں کرتی۔

مثلاً

$$\frac{1}{3} + \left(\frac{1}{3} + \frac{2}{4}\right) = \left(\frac{1}{3} + \frac{1}{3}\right) + \frac{2}{4}$$

$$\frac{1}{3} + \frac{4 + 6}{12} = \frac{1 + 1}{3} + \frac{2}{4}$$

$$\frac{1}{3} + \frac{10}{12} = \frac{2}{3} + \frac{2}{4}$$

$$\frac{4 + 10}{12} = \frac{8 + 6}{12}$$

$$\frac{14}{12} = \frac{14}{12}$$

ناطق اعداد کی ضرب کی استبدالی اور تلازمی خصوصیات کی تصدیق

ضرب کی استبدالی خاصیت بتاتی ہے کہ اگر دو ناطق اعداد کو ضرب دیا جائے تو ان کی ترتیب چاہے کچھ بھی ہو حاصل ایک ہی ہو گا۔

مثلاً $1/2 \times 1/4 = 1/4 \times 1/2$

حل $1/8 = 1/8$

تلازمی خاصیت بتاتی ہے کہ ضرب کے وقت ناطق اعداد کی ترتیب کا حاصل پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔

مثلاً

$$\left(\frac{1}{3} \text{ x } \frac{2}{3}\right) \text{ x } \frac{5}{6} = \frac{1}{3} \text{ x } \left(\frac{2}{3} + \frac{5}{6}\right)$$

$$\frac{{}^{1}\cancel{2}}{9} \text{ x } \frac{5}{\cancel{6}_{3}} = \frac{1}{3} \text{ x } \frac{5}{9}$$

$$\frac{5}{27} = \frac{5}{27}$$

ضرب

دو ناطق اعداد کا حاصل ایک ناطق عدد ہی ہوتا ہے۔ کسی بھی دو ناطق اعداد a/b اور c/d کے لیے ac/bd ایک ناطق عدد ہے۔

مثلاً $2/5 \times 3/4$

حل $2/5 \times 3/4$

$= 3/10$

اگر ہم ناطق اعداد کی ترتیب تبدیل کر دیں تو بھی حاصل یکساں ہو گا۔

مثلاً $3/4 \times 2/5$

حل $3/4 \times 2/5$

$= 3/10$

یہی صورت اس وقت بھی ہو گی جب تین یا زیادہ ناطق اعداد کو ضرب دیتے ہیں۔

مثلاً ضرب دیجیے $5/8 \times 4/15 \times -3/4$

ہم انھیں مختلف ترتیب سے ضرب دے سکتے ہیں۔

$-5/8 \times (4/15 \times -3/4)$ یا $(-5/8 \times 4/15) \times -3/4$

حل: $-5/8 \times -1/5$ $\quad$ $-1/6 \times -3/4$

$= 1/8$ $\quad$ $=1/8$

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ناطق اعداد کی ترتیب نے حاصلِ نتیجہ کو متاثر نہیں کیا۔

ضربی شناخت

1 اور کسی دوسرے ناطق عدد کا حاصل اسی ناطق عدد کے برابر ہوتا ہے۔

1 کو ناطق اعداد کی 'ضربی شناخت' کہا جاتا ہے۔

تقسیم

کسی ناطق عدد کو کسی دوسرے ناطق عدد سے تقسیم کرنے کے لیے مقسوم کو مقسوم علیہ کے ضربی معکوس سے ضرب دیا جاتا ہے۔

مثلاً 2/7 کو 4/3 سے تقسیم کیجیے۔

حل: $2/7 \div 4/3$

$= 2/7 \times 3/4$

$= 6/28$

تفریق

اسی طرح 2 کو 5 سے گھٹانا بالکل ایسا ہی ہے جیسے 2 کے جمع المعکوس کو 5 میں جمع کرنا۔ جیسا کہ ہر ناطق عدد کا ایک جمع المعکوس ہوتا ہے اس لیے صحیح اعداد کی تفریق کا طریقہ ناطق اعداد پر بھی منطبق کیا جا سکتا ہے۔

ناطق اعداد کا فرق بھی ایک ناطق عدد ہوتا ہے۔

مثلاً 1/2 کو 3/4 سے تفریق کیجیے۔

حل: 3/4 – 1/2

اس کا ذواضعافِ اقل 4 ہے۔

کسر کو نئے طریقے سے لکھنا:

مثلاً 3/4 – 2/4

= 1/4

تین ناطق اعداد کو گھٹانا:

مثلاً 3/4, 1/3, 1/2

حل: (3/4 – 1/3) –1/2

اس کا ذواضعافِ اقل 12 ہے۔

کسر کو نئے طریقے سے لکھنا:

(9/12 – 4/12) – 6/12

= 5/12 – 6/12

= –1/12

کسور کی ترتیب تبدیل کرنا:

3/4 – (1/3 – 1/2)

حل: 3/4 – (2/6 –3/6)

3/4 – (–1/6)

3/4 + 1/6

اس کا ذواضعافِ اقل 24 ہے۔

18/24 + 4/24

22/24 = 11/12

خیال رہے کہ تفریق ہونے والے اعداد کی ترتیب تبدیل کرنے سے ہم یکساں نتیجہ حاصل نہیں کر سکتے۔

کسور کو نئے انداز میں لکھنا :

$$= \frac{15}{20} + \frac{8}{20}$$

$$= \frac{23}{20}$$

یاد رکھیں کہ ناطق اعداد کا حاصل جمع بھی ناطق عدد ہوتا ہے۔

تین یا اس سے زیادہ ناطق اعداد کو جمع کرنا:

جب ہم تین یا اس سے زیادہ ناطق اعداد کو جمع کرتے ہیں تو وہ خواہ کسی بھی ترتیب میں ہوں جواب ایک ہی ہو گا۔

مثلاً 1/2, 2/3, 3/4 کو جمع کریں۔

(1/2 + 2/3) + 3/4

اس کا ذواضعافِ اقل 12 ہو گا۔

کسور کو نئے انداز میں لکھنا :

(6/12 + 8/12) + 9/12

= (14/12) + 9/12

= 23/12

کسور کی ترتیب تبدیل کرنے سے :

1/2 + (2/3 + 3/4)

= 6/12 + (8/12 + 9/12)

= 6/12 + 17/12

= 23/12

ہم نے دیکھا کہ دونوں صورتوں میں نتیجہ ایک ہی رہا۔

جمع المعکوس (Additive Inverse)

کسی بھی ناطق عدد a/b کے لیے ایک عدد a/b– ہوتا ہے۔ جیسے a/b + (–a/b) = 0

ہم کہتے ہیں کہ a/b– جمع المعکوس ہے a/b کا۔

اسی طرح a/b جمع المعکوس ہے a/b– کا۔

ہم دیکھ چکے ہیں کہ صحیح اعداد کے لیے 5 – 2 = 5 + (–2)

یہاں 2– جمع المعکوس ہے 2 کا۔

ناطق اعداد کو عددی خط پر پیش کرنا

ہم عددی خط کو کسر کے نسب نما میں نشان دہی کیے گئے جتنے حصوں میں چاہیں تقسیم کر سکتے ہیں۔
ہر حصہ کسر کے ایک حصے کی نشان دہی کرتا ہے۔
مثلاً عددی خط پر 2/5 ظاہر کرنے کے لیے ہمیں ہر حصے کو پانچ برابر ٹکڑوں میں تقسیم کرنا ہوگا۔ ہر ٹکڑا 1/5 کو ظاہر کرے گا۔ 2/5 دوسرا نشان ہوگا جو صفر کے دائیں طرف موجود ہوگا۔
ناطق اعداد، عددی خط کے ذریعے واضح کیے جا سکتے ہیں۔ عددی خط صحیح اعداد کے ساتھ بنائیے۔ جو اس طرح ہو۔



مسلسل صحیح اعداد کے ہر جوڑے کو مساوی حصوں میں تقسیم کرنے سے ہم ناطق اعداد حاصل کرتے ہیں۔



ناطق اعداد کی کثیف خاصیت

ناطق اعداد کے ہر جوڑے کے درمیان ایک اور ناطق عدد ہوتا ہے۔

اگر a اور b ناطق اعداد ہیں اور $a < b$ تو پھر:

a سے b تک درمیانی عدد $c = 1/2\ (b - a)$ ہے اور عدد کا تیسرا حصہ $c = 1/3\ (b - a)$ ہے۔

ناطق اعداد پر کام

جمع

ناطق اعداد کو ایک مشترک نسب نما کے ذریعے جمع کرنا آسان ہوتا ہے۔
اگر b, a اور c صحیح اعداد ہیں اور c, 0 کے برابر نہیں تو پھر

$$a/c + b/c = \frac{a + b}{c}.$$

ہم اس اصول کو غیر مساوی نسب نما کے ناطق اعداد تک پھیلا سکتے ہیں۔
مثلاً $\frac{3}{4} + \frac{2}{5}$
جس کا ذو اضعافِ اقل 20 ہے۔

ناطق اعداد (Rational Numbers)

مثبت صحیح اعداد کو 'قدرتی' یا 'شماری اعداد' کہتے ہیں۔

ہم سیکھ چکے ہیں کہ دو حقیقی اعداد کا حاصل جمع ہمیشہ ایک حقیقی عدد ہوتا ہے۔ لیکن ایک حقیقی عدد کو جب دوسرے حقیقی عدد سے گھٹایا جائے تو اس کا نتیجہ ہمیشہ ایک حقیقی عدد نہیں ہوتا۔ وہ ایک مکمل عدد بھی ہوسکتا ہے یا ایک منفی صحیح عدد۔

اب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جب ایک حقیقی عدد کو دوسرے حقیقی عدد سے تقسیم کیا جائے تو کیا ہوتا ہے۔ مثلاً جب 4 کو 2 سے تقسیم کیا جائے تو حاصل 2 ہوگا مگر جب 3 کو 4 سے تقسیم کیا جائے تو جواب 3/4 ہوگا جس کا تعلق کسی ایسے عددی نظام سے نہیں جس پر ہم نے اب تک گفتگو کی ہے۔ عدد 3/4 ایک 'ناطق عدد' کہلائے گا۔

2/3, –5/6, 0, 4, –2 وغیرہ تمام ناطق اعداد ہیں۔

لہٰذا ہم ایک ناطق عدد کی تعریف اس طرح کر سکتے ہیں۔ 'کوئی بھی وہ عدد جو a/b کی شکل میں ظاہر کیا جا سکے، جہاں a اور b مکمل اعداد ہوں اور b, 0 کے مساوی نہ ہو 'ناطق عدد' کہلاتا ہے۔

مثبت صحیح اعداد، منفی صحیح اعداد، صفر اور عام کسور، ناطق عددی نظام سے متعلق ہیں۔

ناطق اعداد کو صحیح اعداد کے حاصلِ قسمت کے طور پر کسی عدد کے ساتھ کئی طرح ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

مثال کے طور پر 2 کو 2, 4/2, 8/4, –12/–6 وغیرہ کے طریقے سے لکھا جا سکتا ہے۔

یہ طے کرنے کے لیے کہ دیے گئے دو ناطق اعداد میں کون سا بڑا ہے، ہم ایک مشترک نسب نما تلاش کرتے ہیں اور پھر ان کا موازنہ کرتے ہیں۔

بڑے شمار کنندہ والی کسر بڑا عدد ہوگی۔

مثلاً یہ جاننے کے لیے کہ 9/2 اور 13/5 میں کون سا عدد بڑا ہے، 2 اور 5 کا ذواضعافِ اقل نکالیں جو کہ 10 ہے۔

اب کسور کو نئے نسب نما سے تبدیل کرنے سے

45/10 اور 26/10

لہٰذا 45/10 بڑا ناطق عدد ہے۔

ناطق اعداد کی ترتیب

ناطق اعداد اور صحیح اعداد میں ایک واضح فرق ہوتا ہے وہ یہ کہ ہر صحیح عدد سے کوئی نہ کوئی چھوٹا اور بڑا صحیح عدد ضرور ہوتا ہے جبکہ ناطق اعداد سے کوئی چھوٹا اور بڑا عدد نہیں ہوتا۔

کسی بھی دو ناطق اعداد مثلاً 'a' اور 'b' کا درمیانی عدد جاننے کے لیے $\frac{a + b}{2}$ کا کلیہ استعمال کیا جاتا ہے۔

کتاب میں دی گئی مثال پر عمل کیجیے۔

تین سیٹوں کے اتصال اور تقاطع کی بنیادی خصوصیات

1۔ اتصال کی تلازمی خاصیت

کسی بھی تین سیٹوں C, B, A کا اتصال کسی بھی ترتیب میں ہوسکتا ہے۔ ان کا حاصل سیٹ ایک جیسا ہو گا۔

$A\cup(B\cup C) = (A\cup B)\cup C = A\cup B\cup C$

مثال: $A = \{1, 2,\}, B = \{2, 3\}, C = \{3, 4\}$

بائیں ہاتھ کی سمت (LHS) $= A\cup(B\cup C)$

$= \{1, 2\}\cup\{2, 3, 4\}$

$= \{1, 2, 3, 4\}$

دائیں ہاتھ کی سمت (RHS) $(A\cup B)\cup C$

$= \{1, 2, 3\}\cup\{3, 4\}$

$= \{1, 2, 3, 4\}$

LHS = RHS

2۔ تقاطع کی تلازمی خاصیت

کسی بھی 3 سیٹوں C, B, A کا تقاطع کسی بھی ترتیب میں ہوسکتا ہے۔ حاصل سیٹ ایک جیسا ہو گا۔

مثال: $A\cap(B\cap C) = (A\cap B)\cap C$

$\{1, 2\}\cap\{3\} = \{2\}\cap\{3, 4\}$

$\{\ \} = \{\ \}$

LHS = RHS

3۔ اتصال کی تقاطع پر تقسیمی خاصیت

کسی بھی 3 سیٹوں C, B, A کے لیے

$A\cup(B\cap C) = (A\cup B)\cap(A\cup C)$

$\{1, 2\}\cup\{3\} = \{1, 2, 3\}\cap\{1, 2, 3, 4\}$

$\{1, 2, 3\} = \{1, 2, 3\}$

LHS = RHS

4۔ تقاطع کی اتصال پر تقسیمی خاصیت

کسی بھی 3 سیٹوں C, B, A کے لیے

$A\cap(B\cup C) = (A\cap B)\cup(A\cap C)$

$\{1, 2\}\cap\{2, 3, 4\} = \{2\}\cup\{\ \}$

$\{2\} = \{2\}$

LHS = RHS

تین سیٹوں کا اتصال اور تقاطع

تین سیٹوں کے درمیان اتصال اور تقاطع کا عمل اسی طرح انجام دیا جا سکتا ہے جس طرح دو سیٹوں کے لیے۔

مندرجہ ذیل سیٹوں پر غور کریں :

$A = \{1, 2\}, B = \{2, 3\}, C = \{3, 4\}$

(i) $A\cup (B\cup C)$ کا تلاش کرنا

پہلے $(B\cup C)$ تلاش کیجیے اور پھر $AU(B\cup C)$

1. $B\cup C = \{2, 3\}\cup\{3, 4\}$
   $= \{2, 3, 4\}$
2. $\{A\cup B\}\cup C = \{1, 2, 3\}\cup\{3, 4\}$
   $= \{1, 2, 3, 4\}$

(ii) $(A\cup B) \cup C$ کا تلاش کرنا

1. $A\cup B) = \{1, 2\}\cup\{2, 3\}$
   $= \{1, 2, 3\}$
2. $\{A\cup B\}\cup C = \{1, 2, 3\}\cup\{3, 4\}$
   $= \{1, 2, 3, 4\}$

(iii) $A\cap(B\cap C)$ تلاش کرنا

1. $(B\cap C) = \{2, 3\}\cap\{3, 4\}$
   $= \{3\}$
2. $A\cap(B\cap C) = \{1, 2\}\cap\{3\}$
   $= \{1, 2, 3, 4, 5, 6\} - \{2, 3, 4, 5, 6\}$
   = { } یا $\varnothing$

(iv) $(A\cap B)\cap C$ تلاش کرنا

1. $(A\cap B) = \{1, 2\}\cap\{2, 3\}$
   $= \{2\}$
2. $(A\cap B)\cap C = \{2\}\cap\{3, 4\}$
   = { } یا $\varnothing$

(v) $A\cup(B\cap C)$ تلاش کرنا

1. $(B\cap C) = \{3\}$
2. $A\cup(B\cap C) = \{1, 2\}\cup\{3\}$
   $= \{1, 2, 3\}$

اسی طرح کسی بھی تین سیٹوں کے اتصال اور تقاطع معلوم کیے جا سکتے ہیں۔

ہمہ گیر سیٹ (Universal Set)

جب کوئی دیا گیا سیٹ ہر لحاظ سے مکمل ہو اور تمام زیر بحث پہلو اس سے تعلق رکھتے ہوں تو اسے 'ہمہ گیر سیٹ' کہا جاتا ہے۔ ہر تذکرے میں یہ جاننا بہت اہم ہے کہ ہمہ گیر سیٹ کیا ہے۔ ہمہ گیر سیٹ کا اظہار اس طرح کیا جاتا ہے :

مثال : U = مکمل اعداد کا سیٹ = {0, 1, 2, ...}

U = قدرتی اعداد کا سیٹ = {1, 2, 3, ...}

معاون سیٹ

مندرجہ ذیل سیٹوں پر غور کریں :

$U = \{1, 2, 3, \ldots 10\}$

$A = \{1, 2, 3\}$

U اور A کا فرق ، A کا معاون کہلاتا ہے۔

$U - A = \{1, 2, 3, \ldots 10\} \setminus (1, 2, 3) = \{4, 5, \ldots 10\}$

ہم لکھتے ہیں : $U - A = A'$

ہم کہتے ہیں : معاون

کسی بھی سیٹ A کا معاون ان تمام ارکان پر مشتمل ہوتا ہے جو '∪' سے متعلق ہوں مگر A سے متعلق نہ ہوں۔

سیٹوں کو وین شکل کے ذریعے تصویری صورت میں بھی ظاہر کیا جا سکتا ہے۔



وہ حصہ جو A کہلاتا ہے ، ان تمام اجزا کو ظاہر کرتا ہے جو سیٹ A سے متعلق ہیں۔

وہ حصہ جو A سے باہر ہے ان تمام اجزا کو ظاہر کرتا ہے جو A^c یا A' سے متعلق ہیں۔

معاون سیٹ تلاش کیجیے

مندرجہ ذیل سیٹوں پر غور کریں :

$U = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$, $A = (2, 4, 6)$, $B = \{2, 3, 5\}$

A اور B کا معاون تلاش کرنا۔

$$\begin{aligned} A' &= U - A \\ &= \{1, 2, 3, 4, 5, 6\} - \{2, 4, 6\} \\ &= \{1, 3, 5\} \\ B' &= U - B \\ &= \{1, 2, 3, 4, 5, 6\} - \{2, 3, 5\} \\ &= \{1, 4, 6\} \end{aligned}$$

مثال : $A = \{1, 2, 3\}$

$B = \{a, b, c\}$

A اور B میں ارکان کی تعداد یکساں ہے۔ یہ مماثل سیٹ ہیں۔

ہم لکھتے ہیں : $A \leftrightarrow B$

ہم کہتے ہیں : A اور B مماثل سیٹ ہیں۔

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ مساوی سیٹ مماثل ہوتے ہیں کیونکہ ان میں ارکان کی تعداد برابر ہوتی ہے۔مگر ضروری نہیں کہ وہ مماثل سیٹ مساوی بھی ہوں کیونکہ ان کے ارکان مختلف ہو سکتے ہیں۔

بے جوڑ سیٹ

مندرجہ ذیل سیٹوں پر غور کریں :

$A = \{1, 3, 5, 7, 9\}$

$B = \{0, 2, 4, 6, 8\}$

$A \cap B = \{1, 3, 5, 7, 9\} \cap \{0, 2, 4, 6, 8\}$

$= \{\ \}$ یا $\varnothing$

A اور B میں کوئی رکن مشترک نہیں اس لیے ان کا تقاطع ایک خالی سیٹ ہے۔

$A \cap B = \varnothing$

وہ سیٹ جو خالی نہیں جیسے {1,3,5,7,9} اور {0,2,4,6,8} جن میں کوئی رکن مشترک نہیں ’بے جوڑ سیٹ‘ کہلاتے ہیں۔

متراکب سیٹ (Overlapping Sets)



مندرجہ ذیل سیٹوں پر غور کریں :

$A = \{1, 2, 3, 4\}$

$B = \{3, 4, 5, 6\}$

$A \cap B = \{3, 4\}$

$A \subset B$ اور $B \subset A$

$A \not\subseteq B$ اور $B \not\subseteq A$

ایسی صورت میں دو سیٹوں کو ’متراکب سیٹ‘ کہا جاتا ہے۔

واضح رہے کہ متراکب سیٹ میں کم از کم ایک رکن مشترک اور کم از کم ایک رکن غیر مشترک ہوتا ہے اور کوئی سیٹ دوسرے کا بے جوڑ ذیلی سیٹ نہیں ہوتا۔

مساوی سیٹ

دو سیٹ جن میں ایک جیسے ارکان ہوں مساوی سیٹ کہلاتے ہیں۔

مثال: $A = \{a, b, c\}$ A کا ہر رکن B سے متعلق ہے۔

$B = \{c, a, b\}$ B کا ہر رکن A سے متعلق ہے۔

$A = B$

برابر ہے کا نشان '=' دو مساوی سیٹوں کے درمیان لگایا جاتا ہے۔

یاد رکھیں ارکان کی ترتیب سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

مماثل سیٹ

تصویر میں موجود ڈوری ایک بچے اور ایک غبارے پر مشتمل جوڑا بناتی ہے۔



ریاضیاتی طور پر ان جوڑوں کو اس طرح بیان کیا جاتا ہے: اس تصویر میں غباروں کے سیٹ اور بچوں کے سیٹ میں 'ایک سے ایک' کی مطابقت ہے۔

دو سیٹوں میں ایک سے ایک کی مطابقت سے جوڑا بنتا ہے جس میں ہر سیٹ کا ایک رکن دوسرے سیٹ کے صرف ایک رکن سے ملتا ہے۔

مثال: $A = \{1, 2, 3, 4\}$

$\updownarrow\ \updownarrow\ \updownarrow\ \updownarrow$

$B = \{a, b, c, d\}$

سیٹ A اور B کے درمیان 'ایک سے ایک' کی مطابقت ہے۔

یہ ایک سے ایک کی مطابقت ہے۔

مندرجہ ذیل سیٹوں پر غور کریں:

مثال: $A = \{1, 2\}$

$\updownarrow\ \updownarrow$

$B = \{x, y, z\}$

یہ ایک سے ایک کی مطابقت نہیں ہے۔

وہ سیٹ جنھیں ایک سے ایک کی مطابقت کی وجہ سے جوڑا بنایا جا سکے۔ 'مماثل سیٹ' کہلاتے ہیں۔

دو مماثل سیٹ ایک دوسرے کے درمیان '$\leftrightarrow$' نشان سے پہچانے جاتے ہیں۔

غور کریں :

$A = \{1, 3, 5, 7, 9\}$

$B = \{0, 3, 6, 9\}$



نشان زدہ حصہ اس سیٹ کو ظاہر کرتا ہے جو ان اعداد پر مشتمل ہے جو سیٹ A سے متعلق ہیں اور سیٹ B سے متعلق نہیں ہیں۔ یہ ہے {1, 5, 7} اور اسے سیٹ A اور B کا فرق کہا جاتا ہے۔

اس سیٹ کے حوالے سے ہم لکھتے ہیں۔

A-B یا A\B

ہم کہتے ہیں : A اور B کا فرق

لہٰذا $A \setminus B = \{1, 3, 5, 7, 9\} \setminus \{0, 3, 6, 9\}$

$= \{1, 5, 7\}$

سیٹوں کی اقسام

سیٹ اپنی مختلف اقسام سے پہچانے جاتے ہیں جس کا انحصار ان میں موجود ارکان کی تعداد پر ہوتا ہے۔

متناہی سیٹ

وہ سیٹ جس میں ارکان کی تعداد محدود ہو، 'متناہی سیٹ' کہلاتا ہے (یعنی اس کے ارکان کو گنا جا سکتا ہے۔)

مثلاً : $A = \{1, 2, 3\}$

$B = \{a, b, c, ... z\}$

C = ہفتے کے دنوں کا سیٹ

لا متناہی سیٹ

ایک سیٹ جس میں ارکان کی تعداد لا محدود ہو 'لا متناہی سیٹ' کہلاتا ہے۔

مثال: $A = \{1, 2, 3, ...\}$

B = جفت اعداد کا سیٹ

C = آسمان پر ستاروں کا سیٹ

اس سیٹ کے حوالے سے ہم A اور B کے تقاطع کو اس طرح لکھتے ہیں۔

$A \cap B$

ہم کہتے ہیں: A اور B کا تقاطع

لہٰذا $A \cap B = \{1, 3, 5, 7, 9\} \cap \{0, 3, 6, 9\}$

$= \{3, 9\}$

دوسیٹوں کا اتصال (Union of two sets)

مندرجہ ذیل سیٹوں پر غور کریں:

$A = \{1, 3, 5, 7\ 9\}$

$B = \{0, 3, 6, 9\}$



مندرجہ بالا شکل کو 'وین شکل' کہا جاتا ہے۔

شکل میں نشان زدہ حصہ سیٹوں کو ظاہر کرتا ہے جو ان تمام اجزا پر مشتمل ہیں جو A اور B میں سے کم از کم ایک سیٹ سے تعلق رکھتے ہیں۔

یہ سیٹ A کے تمام ارکان پر مشتمل ہے جس میں B کے بھی تمام ارکان شامل ہیں اور اسے A اور B کا 'اتصال' کہا جاتا ہے۔

اس سیٹ کے حوالے سے ہم لکھتے ہیں۔

$A \cup B$

ہم کہتے ہیں: A اور B کا اتصال

لہٰذا $A \cup B = \{1, 3, 5, 7, 9\} \cup \{0, 3, 6, 9\}$

$= \{0, 1, 3, 5, 6, 7, 9\}$

خیال رکھیں کہ اتصال کے تمام ارکان کو شامل کرتے وقت ہم ہر رکن کو ایک ہی بار لکھتے ہیں۔ اتصال ایک 'دہرا عمل' ہے۔ لفظ دہرا 'دو' کو ظاہر کرتا ہے۔

اتصال کا عمل دوسیٹوں کا جوڑا بناتا ہے کسی ایک منفرد (ایک اور صرف ایک) تیسرے سیٹ کی صورت میں۔

دوسیٹوں کا فرق

سیٹ مساوی بھی ہو سکتے ہیں اور ہم ان کے اجزا کی تعداد نہیں گن سکتے۔

بیانیہ طریقہ

سیٹ کی ان خصوصیات کو جو تمام ارکان میں مشترک ہوں ، الفاظ میں بیان کرنا۔

مثال : ہفتے کے دنوں کا سیٹ۔

پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کا سیٹ۔

انگریزی حروف تہجی کے حروف علت کا سیٹ۔

جدولی طریقہ

کسی بھی دیے گئے سیٹ کے تمام اجزا کی فہرست سے سیٹ کو بیان کیا جاتا ہے۔ اس کے تمام ارکان درمیانے خطوط وحدانی کے درمیان درج ہیں ،جنھیں وقفے کے نشان سے علیحدہ کیا گیا۔

مثال : A ہفتے کے دنوں کا سیٹ۔

A = {ہفتہ ، اتوار ، پیر ،منگل ، بدھ ، جمعرات ، جمعہ}

دوسیٹوں پر کام

دوسیٹوں پر کام ، ان کے درمیان باہمی تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔

دوسیٹوں کا تقاطع (Intersection of two sets)

درج ذیل سیٹوں پر غور کریں۔

$A = \{1, 3, 5, 7, 9\}$

$B = \{0, 3, 6, 9\}$

سیٹوں A اور B کے اتصالی سیٹ میں A اور B سے متعلق تمام اجزا شامل ہیں۔

سیٹ A اور B کا تقاطع میں وہ تمام اجزا شامل ہیں جو دونوں سیٹ میں مشترک ہیں۔

ذیل میں دی گئی وین شکل میں



نشان زدہ حصہ اس سیٹ کو ظاہر کرتا ہے جو A اور B دونوں سے متعلق اعداد پر مشتمل ہے۔ یہ ہے {9,3} اور اسے A اور B کا تقاطع کہا جاتا ہے۔

سیٹ (Sets)

تعارف

ہم روز مرہ زندگی میں لفظ 'سیٹ' کو کچھ اشیا کا مجموعہ بیان کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں مثلاً ٹی سیٹ، واٹر سیٹ وغیرہ۔ سیٹ کی تعریف اس طرح کی جاسکتی ہے کہ یہ بیان کی گئی اشیا کا ایک واضح مجموعہ ہوتا ہے۔ اشیا کے واضح مجموعے کا مطلب ہے کہ سیٹ میں ایسی کچھ مخصوص علامات ہوں تا کہ آسانی سے یہ فیصلہ کیا جا سکے کہ کوئی شے اس سیٹ سے متعلق ہے یا نہیں۔ مثال کے طور پر انگریزی حروف تہجی کا سیٹ، سال کے مہینوں کا سیٹ، ہفتے کے دنوں کا سیٹ وغیرہ۔ یہ سب واضح طور پر بیان کیے گئے سیٹ ہیں۔

مثال: $A = \{1, 2, 3\}$

$A = \{A, B, C, D\}$

اب مندرجہ ذیل خالی سیٹ دیکھتے ہیں۔ سال کا تیرہواں مہینہ، ہفتے کا آٹھواں دن، کسی کرکٹ ٹیم کے مقبول کھلاڑی۔ یہ تمام سیٹ نہیں ہیں کیونکہ ان کے اجزا طے شدہ اصولوں کے مطابق واضح طور پر بیان نہیں کیے گئے۔

سیٹ کے اجزا یا ارکان

کسی سیٹ سے متعلق اشیا کو اجزا یا 'سیٹ کے ارکان' کہا جاتا ہے۔

مثال: سیٹ $A = \{1, 2, 3\}$ میں 3 ,2 ,1 سیٹ کے ارکان یا اجزا ہیں۔

ہم کہتے ہیں کہ اجزاء 1 ,2 ,3 سیٹ A سے تعلق رکھتے ہیں۔ 4 ,5 سیٹ A سے متعلق نہیں ہیں۔ ہم عام طور پر سیٹ کی پہچان کے لیے بڑے حروف استعمال کرتے ہیں مثلاً A, B, C, X, Y, Z وغیرہ۔

ہم یونانی حرف $\in$ کو مختصراً 'متعلق ہے' کے لیے استعمال کرتے ہیں تا کہ واضح رہے کہ وہ شے کسی سیٹ سے متعلق ہے۔

$\notin$ ظاہر کرتا ہے کہ کوئی شے کسی سیٹ سے 'متعلق نہیں ہے۔'

مثال: سیٹ A میں $A = \{1, 2, 3\}$

ہم لکھتے ہیں: $2 \in A$

ہم کہتے ہیں: 2 سیٹ A کا رکن ہے

ہم لکھتے ہیں: $5 \notin A$

ہم کہتے ہیں: 5 سیٹ A کا رکن نہیں ہے

سیٹ کو پیش کرنے کے طریقے

کسی سیٹ کو مندرجہ ذیل طریقوں سے پیش کیا جا سکتا ہے۔

Teacher's Notes

Teacher's Notes

Teacher's Notes